QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 263

کوئٹہ: 18 مئی 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف انجینئر (ٹیکنکل) میر مجیب الرحمٰن مری کی زیر صدارت پراجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن) کی کارکردگی سے متعلق ایک جائزاتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے میں بجلی کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کیسکو کے پراجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن) انجینئر کلیم اللہ جوگیزئی سمیت ایگزیکٹو انجینئر عبدالواسع کاکڑ، آفتاب مندوخیل، برکت علی بگٹی اور دیگر متعلقہ افسران وملازمین بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اس موقع پر چیف انجینئر (ٹیکنکل) کیسکو انجینئر میر مجیب الرحمٰن مری نے کہا کہ صوبے میں بجلی کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ صارفین کو مزید ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پی منصوبوں کے ساتھ ساتھ صارفین کی جانب سے ڈپازٹ ورکس، ڈبلیو ایس ایس، ٹیلی کام، ای ایل آر، ڈی او پی اور برقی لائنوں کے مرمتی کام کے منصوبے بھی جلد از جلد مکمل کئے جائیں۔ اجلاس میں چیف انجینئر (ٹیکنکل) مجیب الرحمٰن مری کو کیسکو کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کلیم اللہ جوگیزئی کی جانب سے بجلی کے جاری ترقیاتی منصوبوں اور دیگر کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ # # #

نمبر: کیسکو پی آر 264

کوئٹہ 18 مئی 2026۔۔۔۔۔بجلی کے مین لائنوں اور ٹرانسمیشن لائن سے کنڈکٹرز (تاریں) اور دیگر برقی سامان کی چوری میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے جس کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ کیسکو کو مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گزشتہ روز کیسکو خاران سب ڈویژن کی حدود میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے بجلی لائنوں سے سامان چوری کرنے میں ملوث 2 افراد گرفتار کرلیا گیا جس کے بعد ملزم کے انکشاف پر حاجی سمیع ولد الہی بخش کو بھی گرفتار کرلیا گیا جس کے قبضے سے چوری شدہ بجلی کی تاریں اور ایک موٹر سائیکل برآمد ہوئے جن کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ # # #

نمبر: کیسکو پی آر 265

کوئٹہ 18 مئی 2026۔۔۔۔۔مستونگ گرڈ سٹیشن کے قریب 132kv ٹرانسمیشن لائن سے نامعلوم چوروں نے 3 ٹاوروں کے بریس پٹی کاٹ کر چوری کرلئے۔ جس کے نتیجے میں 132kv کا ٹاور جزوی طور پر متاثر ہو چکا تھا۔ جس کے بعد کیسکو کے شعبہ گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) سریاب ڈویژن کی ٹیم نے ہنگامی بنیاد پر 132kV انڈسٹریل مستونگ ٹرانسمیشن لائن کے ٹاوروں پر نئے بریسس نصب کردیئے۔ کیسکو کی جانب سے اس واقعہ میں ملوث ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے مستونگ کے ولی خان پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کیا جاچکا ہے۔ کیسکو نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کی تنصیبات، کھمبوں اور لائنوں کے قریب کسی بھی مشکوک سرگرمی یا سامان کی چوری کی اطلاع کیلئے کیسکو سے تعاون کریں اور فوری طور پر کیسکو ہیلپ لائن 118 پر رابطہ کریں یا متعلقہ پولیس اسٹیشن کو اطلاع دیں۔ # # #

نمبر: کیسکو پی آر 266

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 18 مئی 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 19 مئی کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جی او آر کالونی، سریاب گرڈ اسٹیشن کے انڈسٹریل اور منی مارکیٹ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اُسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیرپورٹ روڈ، تکاتو، پی اے ایف، ادیان اور داریم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے 2:30 بجے تک بجلی گرڈ اسٹیشن کے 11kv